# کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد چھاؤنی

## نوٹس نیلامی مویشی منڈی

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص وعام کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد اپنی درج ذیل دو جگہوں پر بسلسلہ عید الاضحیٰ مویشی منڈی کا ٹھیکہ برائے عرصہ 05 دن از مؤرخہ 02/6/2025 تا 06/06/2025 بذریعہ نیلام عام دینے کا خواہشمند ہے۔ بولی میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات دفتر کینٹونمنٹ بورڈ واقع نزد CMH مانسہرہ روڈ ایبٹ آباد کینٹ میں مؤرخہ 12/05/2025 بوقت 11 بجے دن کو حاضر ہو کر نیلامی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے مذکورہ تاریخ کو نیلامی منسوخ ہو گئی تو دوبارہ نیلامی مؤرخہ 13/05/2025 جبکہ سہ بارہ نیلامی مؤرخہ 14/05/2024 کو ہو گی اور اس کے بارے دوبارہ اخبار اشتہار نہیں دیا جائے گا۔

| مختص جگہ برائے مویشی منڈی | زرضمانت | شرح فیس |
|---|---|---|
| i۔ کینٹ بورڈ سوزو کی اڈانزد ایف جی سکول<br>ii۔ مری روڈ نزد کرکٹ سٹیڈیم | مبلغ-/200,000 روپے<br>بشکل کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ایبٹ آباد کینٹ | 1۔ اونٹ مبلغ-/4000 روپے فی جانور<br>2۔ گائے/بیل مبلغ-/3000 روپے فی جانور<br>3۔ بکرا/دنبہ مبلغ-/1000 روپے فی جانور |

## شرائط نیلامی

1۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

2۔ خواہشمند حضرات کو بولی شروع ہونے سے قبل مذکورہ بالا زرضمانت دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی، جو پہلے نمبر پر آنے والوں کے علاوہ بولی کے اختتام پر باقی سب کو واپس کر دی جائے گی۔ مطلوبہ رقم کا پے آرڈر/کال ڈیپازٹ جمع کروانا لازمی ہے، نقد رقم قابلِ قبول نہ ہوگی۔ نیز بولی میں حصہ لینے سے قبل تمام بولی دہندگان کو اپنے اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کل بولی کی رقم بمعہ انکم ٹیکس بولی کے اختتام پر ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

4۔ مویشی منڈی کے تمام انتظامات کامیاب بولی دہندہ خود اپنے خرچہ پر کرے گا۔

5۔ بارش و قدرتی آفات کی صورت میں محکمہ کسی قسم کے نقصان و تاوان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

6۔ ٹھیکیدار مویشی منڈی کو چاروں اطراف سے بند کرنے کا پابند ہوگا۔ مویشی منڈی میں صفائی ستھرائی کا انتظام خود اپنے خرچہ پر کرے گا۔

7۔ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے SOPs کے مطابق کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد مویشی منڈی لگانے سے پہلے ساری جگہ کو Disinfect کرے گا۔

8۔ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے SOPs کے مطابق مویشی منڈی کا صرف ایک داخلی راستہ ہوگا۔ ٹھیکیدار داخلی راستہ پر واک تھرو (Disinfect) گیٹ لگانے کا پابند ہوگا۔

9۔ ٹھیکیدار منڈی مویشیاں میں اپنا اسٹاف تعینات کرنے کا پابند ہوگا جو منڈی میں داخل ہونے والے افراد کا ٹمپریچر، دستانے اور ماسک چیک کرے گا اور اُن کے ہاتھوں کو سینیٹائز کروائے گا۔

10۔ ٹھیکیدار لائف اسٹاک ڈیپارٹمنٹ سے جانوروں پر چیچڑ (کانگو) کی بیماری سے بچاؤ کا اسپرے کرانے کا پابند ہوگا۔

11۔ کینٹ کے کسی چوک، چوراہے، گلی/محلہ یا سڑک پر جانوروں کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی ہوگی، خلاف ورزی کرنے والے کو حوالہ پولیس کیا جائے گا۔

12۔ مویشی منڈی میں بچوں کا داخلہ سختی سے ممنوع ہوگا۔

13۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا۔

14۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد/مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔

15۔ زیر دستخطی/مجاز اتھارٹی کو پیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور/مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

16۔ دیگر شرائط و ضوابط یا نیلامی سے متعلق کسی بھی معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

17۔ اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

مشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ایبٹ آباد چھاؤنی

64CB244 26.P9